## URDU ELECTIVE (CODE – 003)

## SAMPLE QUESTION PAPER (Revised)*

## CLASS XII (2025-26)

**Time: 3 Hours** **Maximum Marks: 80**

**ہدایات:**

(i) اس سوالنامے میں کل **تین** حصے ہیں جن میں **13** سوالات پوچھے گئے ہیں۔

(ii) حصہ **'الف'** –"درسی اور معاون درسی کتب"- **50** نمبر کا ہے۔

(iii) حصہ **'ب'** –"اردو ادب کی تاریخ" - **20** نمبر کا ہے۔

(iv) حصہ 'ج'۔"صنائع و بدائع" - 10 نمبر کا ہے۔

(v) **ہدایات کے مطابق جواب لکھیے۔**

**Instructions:**

(i) This Question paper contains three Sections and 13 **Questions.**

(ii) Section - **A** "Textbook and Supplementary Reader" carries **50** marks.

(iii) Section - **B** 'History of Urdu Literature' carries ' carries **20** marks.

(iv) Section - **C** "Sanaye o badaye" carries **10** marks.

(v) **Attempt answer as per the instructions.**

## حصہ(الف) : "درسی و معاون درسی کتب" (50 نمبر)

## Section A : "Textbook and Supplementary Reader" (50 Marks)

**سوال نمبر1۔** مندرجہ ذیل غیر درسی(نثری) اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے (5x1=5)

متبادل جوابات میں سے درست جواب کی نشاندہی کیجیے۔

ماں باپ اپنے بچوں کے ساتھ ایسی محبت کرتے ہیں کہ اپنی راحت پر اُس کی آسائش کو ترجیح دیتے ہیں۔ جب تک بچہ نشو نما پا کر توانا ہوتا ہے تب تک والدین اس کے لیے سامان زندگی مہیا کرتے رہتے ہیں۔ ماں اولاد کے لیے کیا کیا دکھ سہتی ہے۔ اپنے دل و جگر کا خون پلا کر پالتی ہے۔ باپ کسی محنت سے اپنے گاڑھے پسینے کی کمائی اولاد پر نثار کرتا ہے۔ اس کی تربیت میں کوشش اور مال سے دریغ نہیں کرتا۔ اس کو اپنے آپ سے افضل بنانا چاہتا ہے۔ مال و دولت کو جمع کرتا ہے تاکہ اپنی وفات کے بعد اس کی اولاد کے کام آئے۔ جب اجل کا خطرہ والد کے دل میں آتا ہے تو اس کو تسلی ہوتی ہے کہ میرے بعد میرا اخلف دنیا کو میری یاد دلائے گا۔ غرض والدین کا وجود نعمت عظمیٰ ہے جس کی برابری دنیا میں کوئی نعمت نہیں کر سکتی۔ لہذا سعادت مند فرزند وہی ہے جو اس نعمت کی قدر کرے۔ دست و زبان سے، مال و دولت سے جسم و جان سے والدین کے حقوق بجالائے اور ان کی خدمت کرے۔

(i) سامان زندگی کیا ہیں؟

(a) روٹی، کپڑا اور مکان (b) سواری اور نوکری (c) روٹی کپڑا اور تجارت (d) والدین اور سچے دوست

(ii) درج ذیل میں سے محاورے کی پہچان کیجئے؟

(a) افضل بنانا (b) آسائش کو ترجیح دینا (c) دل و جگر کا خون پلانا (d) اولاد کے کام آنا

(iii) مال سے دریغ نہیں کرتا سے کیا مراد ہے؟

(a) دولت لٹا دیتا ہے۔ (b) مال کمانے سے انکار نہیں کرتا (c) کماتے کماتے تھک جاتا ہے (d) ہر ضرورت پر مال خرچ کرتا ہے

(iv) میرے بعد میرا اخلف دنیا کو میری یاد دلائے گا۔ اس جملے کے مطابق بیٹا دنیا کو اپنے باپ کی یاد کیسے دلائے گا؟

(a) باپ کے بارے میں کتاب لکھ کر (b) باپ جیسا بن کر (c) نیک کام کر کے (d) شکل و صورت باپ جیسی کر کے

(v) والدین کی خدمت کرنا کیا ہے؟

(a) فرزندی (b) سعادت مندی (c) تربیت (d) قدردانی

**سوال نمبر2۔** درج ذیل درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے متبادل جوابات میں سے درست جواب کی نشاندہی کیجیے۔ (5x1=5)

دوپہر کو پریم چندسوسائٹی کا افتتاح تھا۔حسین ساگر میں جو کلب ہے وہاں دعوت بھی تھی۔ ادیبوں کو کشتیوں میں سوار کر کے کلب پہنچایا گیا۔درحالیکہ ایک راستہ خشکی سے بھی جاتاتھا، غالباً موٹر بوٹ کی نمائش مقصود تھی۔کلب کی عمارت جھیل میں تعمیر کی گئی ہے۔کوئی پچاس کے قریب ملازم ہوں گے۔آٹھ کورس کا کھانا۔ اس دعوت پر اتنا صرف کیا گیا تھا کہ غالباً پریم چند کو اپنی زندگی میں اتنی رائلٹی نہ ملی ہوگی۔یورپ میں جب ادیب زندہ ہوتاہے تواس کی قدر ہوتی ہے۔ہندوستان میں مرنے کے بعد اسے پوچھا جاتا ہے۔چنانچہ آج پریم چند سوسائٹی کا افتتاح تھا۔قاضی عبدالغفار تقریر کر رہے تھے اور مرغن کھانے دعوت میں شامل تھے۔جھیل کے منظر سے ادیب لطف اندوز ہورہے تھے۔قاضی عبدالغفار کی شخصیت پر متانت کا ایک دبیز پردہ پڑا ہواہے۔

(i) مندرجہ بالا اقتباس کا تعلق نثر کی کس صنف سے ہے؟

(a) افسانہ (b) آپ بیتی (c) رپورتاژ (d) ناول

(ii) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(a)پودے (b)روشنائی (c)مچھر (d)سکون کی نیند

(iii) ”پریم چند کو اپنی زندگی میں اتنی رائلٹی نہ ملی ہوگی“ اس جملے سے کیا تاثر ملتا ہے؟

(a) پریم چند دولت مند تھے (b) پریم چند کے مالی حالات اچھےنہ تھے (c) پریم چند کے لیے دولت اہم نہ تھی

(d) پریم چند محض رائلٹی کے لیے لکھتے تھے

(iv) اقتباس میں ہندوستان کے ادیبوں کے حال پر کیا کہنے کی کوشش کی گئی ہے؟

(a) ادیبوں کی ان کی زندگی میں قدر نہیں ہوتی (b) ادیب مالدار نہیں ہوتے (c) یوروپ میں ہندوستانی ادیبوں کی قدر ہوتی ہے

(d) اچھا ادب نہیں لکھتے

(v) قاضی عبدالغفار کون تھے؟

(a) کلب کے مالک (b) میزبان (c) مقرِر (d) قدردان

**سوال نمبر3۔** مرزا اسد اللہ خاں غالب کی مکتوب نگاری کی اہم خصوصیات تحریر کیجئے۔ (1x5=5)

**یا**

سید احتشام حسین کے حالاتِ زندگی اور طرزِ تحریر پر ایک مختصر نوٹ لکھئے۔

**سوال نمبر4۔** مندرجہ ذیل سوالات میں سے دو کے مختصر جواب لکھئے۔ (2x2.5=5)

(i) سفر نامہ "زرد پتوں کی بہار" میں مصنف نے لاہور میں جن معروف ادیبوں سے ملاقات کی، ان میں سے تین ادیبوں کے نام لکھیے۔

(ii) انشائیہ مچھر میں انسان کو کیا پیغام دیا گیا ہے؟

(iii) مختصر افسانہ "سکون کی نیند" میں شہزادے نے سرنگ کے اندر کیا دیکھا؟

(iv) افسانہ "لمحے" میں اماکانت کے کردار پر روشنی ڈالیے؟

**سوال نمبر5۔** مندرجہ ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے متبادل جوابات میں سے درست جواب کی نشاندہی کیجیے۔ (5x1=5)

ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں
ابھی عشق کے امتحاں اور بھی ہیں
تہی زندگی سے نہیں یہ فضائیں
یہاں سیکڑوں کارواں اور بھی ہیں
تو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا
تیرے سامنے آشیاں اور بھی ہیں
اسی روز و شب میں الجھ کر نہ رہ جا
کہ تیرے زمان و مکان اور بھی ہیں
گئے دن کہ تنہا تھا میں انجمن میں
یہاں اب مرے راز داں اور بھی ہیں

(i) پہلے شعر سے کیا حاصل ہوتا ہے؟

(a) محبت (b) حوصلہ (c) علم (d) خبر

(ii) "کارواں" کتنے ہیں؟

(a)سیکڑوں (b)ہزاروں (c)لاکھوں (d)اربوں

(iii) شاہین کے ذریعے کیا پیغام دیا گیا ہے؟

(a) ٹھہرنا نہیں چاہیے (b)آرام ضروری ہے (c) اڑان کی رفتار تیز ہونی چاہیے (d) حد سے آگے بڑھنا اچھا نہیں

(iv) چوتھے شعر میں روز و شب کے کیا معنی ہے؟

(a)صبح وشام (b) اچھا اور بُرا (c)دن اور رات (d)اجالااور تاریکی

(v) انجمن میں کون تنہا تھا؟

(a) مسافر (b) عاشق (c) شاعر (d) رازدار

**سوال نمبر6۔** مندرجہ ذیل درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے متبادل جوابات میں سے درست جواب کی نشاندہی کیجیے۔ (5x1=5)

وداعِ روز روشن ہے گجر شامِ غریباں کا
چراگاہوں سے پلٹے قافلے وہ بے زبانوں کے

قدم گھر کی طرف کس شوق میں اٹھتا ہے دہقاں کا
یہ ویرانہ ہے، میں ہوں، اور طائر آشیانوں کے

اندھیرا چھا گیا، دنیا نظر سے چھپتی جاتی ہے
جدھر دیکھو اٹھا کر آنکھ اک ہو کا ہے عالم

مگس لیکن کسی جا بھیرویں بے وقت گاتی ہے
جرس کی دور سے آواز آتی ہے کبھی پیہم

(i) درج بالا اقتباس کس انگریزی نظم کا ترجمہ ہے؟

Elegy written in a country church yard (a)

Elegy return........................................ (b)

Elegy wrong turn........................................ (c)

Elegy writing........................................ (d)

(ii) اقتباس کے شاعر کون ہیں؟

(a) علامہ اقبال (b) جمیل مظہری (c) نظم طباطبائی (d)ن۔م۔راشد

(iii) بے زبانوں سے کون مراد ہے؟

(a) غریب (b) لاش (c) مویشی (d) پرندے

(iv) مندرجہ بالا اقتباس میں دہقاں کے کیا معنٰی ہیں؟

(a)انسان (b) آگ (c) نور (d)کسان

(v) مگس کے بھیرویں گانے سے کیا مراد ہے؟

(a) الو کا بولنا (b) پرندوں کا چہچہانا (c) مکھیوں کا بھنبھنانا (d) عورت کا رونا

**سوال نمبر7۔** علامہ اقبال کے شاعرانہ امتیازات قلم بند کیجئے۔ (1x5=5)

**یا**

مولانا الطاف حسین حالؔی کی شاعرانہ خصوصیات تحریر کیجئے۔

**سوال نمبر8۔** مندرجہ ذیل سوالوں میں سے دو کے جواب لکھیے۔ (2x2.5=5)

(i) ہم سے پوچھو کہ غزل کیا ہے غزل کا فن کیا چند لفظوں میں کوئی آگ چھپادی جائے

اس شعر کا مفہوم واضح کیجئے۔

(ii) علامہ اقبال کے شعری مجموعوں کا نام تحریر کیجئے۔

(iii) ناصر کاظمی کی غزل میں "یادوں کے بجھے ہوئے سویرے" سے کیا مراد ہے؟

(iv) ''جو ابھی نہیں آئی اس گھڑی سے ڈرتے ہو'' اس مصرعے کے ذریعے ن۔ م۔ راشد کیا پیغام دینا چاہتے ہیں؟

**سوال نمبر9۔** ویکوم محمد بشیر کے حالات زندگی اور طرز تحریر پر ایک نوٹ لکھیے۔ (1x4=4)

**یا**

افسانہ "کلرک کی موت" کا خلاصہ قلم بند کیجئے۔

**سوال نمبر10۔** مندرجہ ذیل سوالات میں سے دو کے جواب لکھیے۔ (2x3=6)

(i) چیرویا کوف کو ایک صاحب اخلاق انسان کہا گیا ہے۔وضاحت کیجئے۔

(ii) افسانہ "جنم دن" کے مصنف کے کردار کی کیفیت بیان کیجیے؟

(iii) چھینک آنے پر چروپا کوف کا ردِ عمل کیا تھا؟

(iv) افسانہ نگار نے بوڑھے مچھوارے کی تصویر کشی کس انداز میں کی ہے؟ اپنے لفظوں میں قلم بند کیجئے۔

## حصہ(ب): اردو ادب کی تاریخ (20 نمبر)

## Section B : History of Urdu Literature (20 Marks)

**سوال نمبر 11۔** درج سوالات میں سے صرف تین سوال کے جواب لکھیے۔ (3x5=15)

(i) اردو زبان کے آغاز و ارتقاء سے متعلق کوئی دو نظریات قلم بند کیجئے۔

(ii) رسالہ تہذیب الاخلاق جاری کرنے کا کیا مقصد تھا؟ اس کے مضامین کس نوعیت کے ہوا کرتے تھے؟

(iii) فورٹ ولیم کالج سے دو ادیبوں کی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

(iv) دبستان دہلی کی خصوصیات تحریر کیجئے۔

(v) ترقی پسند تحریک کا مختصراً جائزہ لیجئے۔

**سوال نمبر12۔** مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کاانتخاب کیجئے۔ (1x5=5)

(i)علی گڑھ تحریک کے بانی کون ہیں؟

(a) علامہ شبلی نعمانی (b) مولانامحمد حسین آزاد (c) سرسیداحمد خاں (d) مولاناالطاف حسین حالی

(ii)ترقی پسند تحریک کی پہلی کانفرنس کہاں ہوئی؟

(a) الٰہ آباد (b) لکھنؤ (c) حیدرآباد (d) امرتسر

(iii) "اُردو "کس زبان کا لفظ ہے؟

(a) فارسی (b) عربی (c) ہندی (d) ترکی

(iv) سیداحتشام حسین کے شامل نصاب مضمون کا نام لکھئے۔

(a) خوجی ایک مطالعہ (b) لمحے (c) زرد پتوں کی بہار (d) امراؤ جان ادا

(v) نظم "ارتقا" کے شاعر کون ہیں؟

(a) علامہ اقبال (b) ن۔م۔راشد (c) علی حیدر نظم طباطبائی (d) جمیل مظہری

## حصہ(ج) : صنائع و بدائع (10 نمبر)

## Section C: Sanaya o Badaya (10 Marks)

**سوال نمبر13۔** مندرجہ ذیل میں سے صرف پانچ سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔ (2x5=10)

(i) اول شب بزم کی رونق شمع بھی تھی پروانہ بھی

رات کے آخر ہوتے ہوتے ختم تھا یہ افسانہ بھی

آرزو کے اس شعر میں صنعتِ تضاد کی نشاندہی کیجیے۔

(ii) زندگی ہے تو بہر حال بسر بھی ہوگی

شام آئی ہے تو آئے کہ سحر بھی ہوگی

کون سی خصوصیت درج بالا شعر کو مطلع بنائی ہے؟

(iii) اس شعر کی ردیف کی پہچان کیجیے۔

(iv) حرفِ تشبیہ کسے کہتے ہیں؟

(v) ''حامد کا چہرہ چودہویں کا چاند ہے'' اس جملے میں سے مستعار منہ کی نشاندہی کیجیے۔

(vi) لذت ترے کلام میں آئی کیا سے یہ

پوچھیں گے جاکے حالیؔ جادوبیاں سے ہم

اس شعر میں کون سی دو خصوصیات ایک ساتھ پائی جاتی ہیں؟

(vii) شعر میں کس بات کو وہ سبب بیان کرنا جو دراصل اس کا سبب نہ ہو کیا کہلاتا ہے؟

(viii) اگر کسی شعر میں گاندھی کا ذکر آئے تو کون سی صنعت بنے گی؟

........................